More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

چوتھا باب

# عالمی وسائل

## دنیا کے مختلف علاقوں میں لوگوں کے خاص پیشے

(الف) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔

سوال نمبر ۱: مویشی پالنے سے کیا فوائد حاصل ہوتے ہیں؟

جواب: مویشی پالنے کے فوائد:

1) مویشی پالنے کے چند اہم فوائد مندرجہ ذیل ہیں:-
2) مویشیوں سے دودھ حاصل کیا جاتا ہے۔
3) دودھ سے مکھن حاصل کیا جاتا ہے۔
4) مکھن سے گھی تیار کیا جاتا ہے۔
5) مویشیوں سے گوشت بھی حاصل کیا جاتا ہے۔
6) مویشیوں کی کھالوں کو مختلف اقسام کی صنعتوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔
7) دودھ اور دودھ سے بنی ہوئی اشیاء ہماری خوراک کا ایک اہم حصہ ہیں۔

سوال نمبر ۲: دنیا کے کون کونسے علاقے کاشت کاری کے لئے موزوں ہیں؟

جواب: دنیا کے کئی علاقے کاشت کاری کے لئے موزوں ہیں۔ جن میں ایشیا میں پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش، عراق، ترکی، وسطی ایشیا اور انڈونیشیا کے

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

علاقوں میں بھی کاشت کاری کی جاتی ہے- پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش اور ترکی کی تقریباً ۷۰ فیصد آبادی دیہات میں مقیم ہے اور کاشت کاری کرتی ہے- عوامی جمہوریہ چین میں دریائے چانگ زیانگ اور ہونگ ہو کے میدانی علاقے کاشت کاری کے لئے موزوں ہیں- بھارت میں گنگا، پاکستان میں دریائے سندھ اور عراق میں دریائے دجلہ اور فرات کے میدانوں میں زیادہ تر لوگ کاشت کاری کرتے ہیں- وسطی ایشیا کے ہموار میدانی علاقے کینیڈا کے وسطی اور مغربی حصے اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے وسطی حصوں میں زراعت ایک اہم پیشہ ہے-

**سوال نمبر ۳: کان کنی کا پیشہ کن علاقوں میں اختیار کیا جاتا ہے؟**

**جواب:** کان کنی کا پیشہ جن علاقوں میں اختیار کیا جاتا ہے ان کے نام یہ ہیں: ریاستہائے متحدہ امریکہ، کینیڈا، برازیل، برطانیہ، فرانس، جرمنی، بیلجیئم، روس چین، جاپان، آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ وغیرہ- بھارت میں بھی کوئلے اور ابرق کی کانیں ہیں- اس کے علاوہ دنیا کے دوسرے ممالک میں بھی کچھ کچھ چھوٹی بڑی کانیں موجود ہیں- اور ان میں کام کرنے والے لوگوں کا پیشہ کان کنی ہے- اس طرح دنیا کے ہر ملک میں ایسے لوگ موجود ہیں جن کا پیشہ کان کنی ہے-

**سوال نمبر ۴: تجارت کو کیا اہمیت حاصل ہے؟**

**جواب:** موجودہ دور میں صنعت و حرفت کو بہت ترقی ہوئی ہے- صنعتوں کے لئے خام مال کی ضرورت ہوتی ہے- اور تیار شدہ مال دوسرے ملکوں کو بھیجا جاتا ہے- اس خام مال اور تیار شدہ مال کے لین دین کو کاروبار کہتے ہیں- چھوٹے

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

پیمانے پر ہر شہر میں بھی چیزوں کی خرید و فروخت ہوتی ہے۔یہ بھی کاروبار میں شامل ہے۔صارفین کو ان کی ضروریات کی اشیاء اور خدمات مہیا کرنے کے لئے منظم کوشش تجارت کہلاتی ہے۔لفظ بزنس (تجارت) کا اطلاق ایسی تنظیم پر بھی ہوتا ہے جو یہ اشیاء اور خدمات مہیا کرتی ہیں۔کاروبار کرنے والے لوگوں کا پیشہ تجارت ہوتا ہے۔تجارت صرف چند اور عام لوگوں تک ہی محدود نہیں بلکہ مختلف حکومتیں بھی آپس میں سرکاری طور پر تجارتی لین دین کرتی ہیں۔

صنعتی ممالک میں خام مال کی فراہمی اور تیار شدہ مال کی فروخت کے مختلف مراحل میں لاتعداد لوگ تجارت کے پیشے سے منسلک ہیں۔

بہتر معیارِ زندگی حاصل کرنے کے لئے خوراک، تعلیم، صحت، رہائش اور تفریح کے بہتر مواقع مہیا کرنے کی ضرورت ہے۔اس کا انحصار اُس منصوبہ بندی پر ہے کہ تعلیم اور متوازن خوراک عام افراد تک پہنچائی جا سکے۔

**سوال نمبر۵: پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کے لئے کیا اقدامات کئے جا رہے ہیں؟**

**جواب:** پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کے لئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔مختلف اداروں کو کمپیوٹر فراہم کئے جا رہے ہیں۔کمپیوٹر کی تربیت کے بے شمار ادارے قائم ہو گئے ہیں۔انفارمیشن ٹیکنالوجی کی ایک علیحدہ یونیورسٹی بھی قائم ہو چکی ہے۔حکومت کے منصوبے کے مطابق انفارمشن ٹیکنالوجی کو لوگوں کے لئے عام، سستا اور مفید بنانا ہے۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

انفارمیشن ٹیکنالوجی کے فروغ کے لئے حال ہی میں ایک ورچول یونیورسٹی (Virtual Univrsity) کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ اس کا مقصد بھی ہونہار طلباء کو سستی اور معیاری تعلیم دینا ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی ایک معقول روزگار فراہم کرنے کا ذریعہ بھی ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی مختلف مسلم اور دیگر ممالک کے درمیان معلومات کے تبادلے کا اہم ذریعہ ثابت ہو گا۔ اس کی بدولت یہ ممالک اپنے وسائل کا بہتر استعمال کر سکیں گے اور اپنے مسائل پر قابو پائیں گے۔ ان ممالک میں روزگار کے حصول کے مواقع بڑھیں گے۔ آپس میں بھائی چارے کو فروغ ہو گا۔ اس کے ذریعے عوام میں شعور اجاگر کرنے اور ان کو خواندہ بنانے میں بھی مدد ملے گی۔ مسلم ممالک کو اس ضمن میں ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہو کر انفارمیشن ٹیکنالوجی کے میدان میں آگے بڑھنا ہو گا۔

**سوال نمبر ۶: دست کاریوں کے فن پر ایک جامع نوٹ لکھیے؟**

**جواب: دست کاریاں:**

اپنے ہاتھوں سے آرائشی یا ضرورت کی اشیاء تیار کرنے کو دست کاری کہا جاتا ہے۔ کچھ اشیاء کی تیاری میں تاہم ہاتھ یا بجلی سے چلنے والے آلات بھی استعمال کئے جاتے ہیں۔ مختلف ممالک کے لوگ مختلف قسم کی دستکاریاں بناتے ہیں اور اس طرح وہ دست کاریاں اسی علاقے کے لوگوں سے وابستہ یا مشہور ہو جاتی ہیں۔ اس کی اہم مثالیں کشیدہ کاری، کڑھائی، بُنائی، ٹوکری سازی یا سوزن کاری، میکریم، (بٹے ہوئے دھاگوں کی جھالر سازی)، ایمبرائیڈری، قالین سازی، توشک سازی (رتی سازی)، باتیک (موم کے

Perfect24u.com

ذریعے کپڑے پر نقش و نگار بنانا)، جالی اور پردوں پر چھپائی، چمڑے کی اشیاء کی دستکاری، برتن سازی، چوب کاری یا کندہ کاری اور زیورات سازی وغیرہ ہیں-اور یہ ایسی دستکاریاں ہیں جو نسل در نسل منتقل ہوتی رہتی ہیں-

آج کل چند دوسری دست کاریاں بھی مستعمل ہیں- ان میں پارچہ بافی اور دوسری پلاسٹک کی اشیاء کی تیاری، ڈبل روٹی کے چورے سے مجسمہ سازی، کڑھائی، بُنائی اور کروشیا سے کشیدہ کاری، کپڑوں سے کھلونے اور گڑیا سازی، پھولوں کی آرائش، مونگے اور سیپیوں کی حرفت، موم بتی سازی، لکڑی یا چوب، سے پچی کاری یا فرشی میناکاری و کندہ کاری، لکڑی سے ہی اسٹینسل اور مجسمہ سازی وغیرہ شامل ہیں- دیہات میں عام طور پر اور شہروں میں خاص طور پر کچھ لوگ دستکاریوں کے ماہر ہوتے ہیں اور یہی فن ان کا ذریعہ معاش ہوتا ہے-

**سوال نمبر ۷: کاشت کاری کے عنوان پر مفصل نوٹ لکھیے؟**

**جواب: کاشت کاری:**

کاشت کاری کا پیشہ سب سے قدیم ترین پیشہ ہے-اس کا آغاز پتھر کے زمانے سے ہوا-اسی پتھر کے دور میں شکاریوں نے پھل توڑ کے جمع کرنا شروع کیے اور اپنی پسند کی انواع اُگانا شروع کیں- جدید فصلیں اپنے قدیم اجداد کی رفتہ رفتہ بدلی ہوئی شکل ہیں جس میں زیادہ بڑی جسامت کے بیجوں، بہتر پھل اور دیگر مطلوبہ خواص کے مسلسل انتخاب نے بڑی معاونت کی-انسان کسی نہ کسی طریقے سے کاشت کاری کر کے اپنی غذا حاصل کرتا ہے-دنیا میں

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

آبادی کے اضافہ کے ساتھ ساتھ غذا کی ضرورت اور اہمیت بڑھ رہی ہے۔
جن علاقوں میں زمین زرخیز ہے اور بارش زیادہ ہوتی ہے یا نہروں کے ذریعے آب پاشی کی جاسکتی ہے۔ پرانے اور فرسودہ طریقہ کار کو چھوڑ کر مصنوعی کھاد اور مشینی ہل (ٹریکٹر) استعمال کئے جاتے ہیں۔ اس طرح پیداوار میں اضافہ ہو رہا ہے اور سال میں کم از کم دو فصلیں پیدا کی جانے لگی ہیں۔ فصل ربیع موسم سرما کی فصل ہے جو موسم سرما میں کاٹی جاتی ہے۔ اور فصل خریف گرمیوں کی فصل ہے جو سردی شروع ہوتے ہی کاٹی جاتی ہے۔

جن علاقوں میں زمین زرخیز اور ہموار ہے، بارش کافی ہوتی ہے اور آب و ہوا بھی موافق ہے وہاں لوگ کاشتکاری کا پیشہ اختیار کرتے ہیں اور وہاں کی آبادی بھی گنجان ہوتی ہے۔ ایسے علاقے زیادہ تر دریاؤں کی وادیوں اور ڈیلٹاؤں میں واقع ہیں۔ مون سون آب و ہوا کے خطے اور بحیرہ روم کی آب و ہوا کے خطے میں لوگوں کا اہم پیشہ کاشت کاری ہے۔

ایشیا میں پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش، عراق، ترکی، وسطی ایشیا اور انڈونیشیا کے علاقوں میں اور افریقہ میں مصر، کینیڈا، ریاست ہائے متحدہ امریکہ اور ارجنٹائن کے زرخیز اور ہموار میدانی علاقوں میں بھی کاشت کاری ایک اہم پیشہ ہے۔ پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش اور ترکی کی تقریباً ۷۰ فیصد آبادی دیہات میں مقیم ہے اور کاشت کاری کرتی ہے۔ عوامی جمہوریہ چین میں دریائے چانگ زیانگ اور ہونگ ہو کے میدانی علاقے کاشت کاری کے لئے موزوں ہیں۔ بھارت میں گنگا، پاکستان میں دریائے

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سندھ اور عراق میں دریائے دجلہ اور فرات کے میدانوں میں زیادہ تر لوگ کاشت کاری کرتے ہیں۔ وسطی ایشیا کے ہموار میدانی علاقے کینیڈا کے وسطی اور مغربی حصے اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے وسطی حصوں میں زراعت ایک اہم پیشہ ہے۔

جدید کاشت کاری کا میدان بہت وسیع ہے۔ اس کا حلقہ بہت زیادہ ہے۔ اور یہ چھوٹے چھوٹے قطعات سے لے کر ہزاروں ایکڑ پر پھیلے ہوئے تجارتی کھیتوں تک پھیلا ہوا ہے۔ کامیاب کاشتکار وہ ہوتا ہے جو اپنی زمین اور موسم کے لحاظ سے مناسب پودوں کی مختلف انواع اور اقسام کے انتخاب کا ماہر ہو۔ اس کو اپنی زمین کو تیار کرنے میں اور پنیری لگانے، پودا لگانے، اس کی نشوونما، حفاظت، فصل کی کٹائی اور فصل کو بحفاظت جمع کرنے میں انتہائی ہنر مند ہونا چاہیے۔ وہ خس و خاشاک، کیڑے مکوڑوں، جراثیم اور بیماریوں پر قابو پانے کی صلاحیت رکھتا ہو اور پھر اُسے اپنی فصلوں سے مناسب آمدنی اور منافع حاصل کرنے کے لئے اچھی تجارتی صلاحیتوں کا حامل ہونا چاہیے۔

**سوال نمبر ۸: کان کنی کے معنی کیا ہیں؟**

**جواب:** کان کنی کے معنی قشرِ ارض سے کارآمد معدنیات کا حصول ہے۔ اس عمل میں زیرِ زمین کانوں کی کھدائی اور سطحِ زمین پر کھلے ہوئے علاقے یا داراڑی کانوں کی

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

کھدائی شامل ہیں۔مزید بر آں حالیہ فنی ترقی اور فروغ سے سمندروں میں زیرِ آب دھاتی خام معدنیات کا حصول بھی نفع بخش طور پر ممکن ہو سکے گا۔

**(ب) قوسین میں دیئے گئے الفاظ سے جملے مکمل کیجئے۔**

1) ــــــــــ سرسبز اور زرخیز علاقوں میں کی جاتی ہے۔

(✓کاشت کاری، صنعت کاری، ماہی گری)

2) ربیع کی فصل ــــــــ میں کی جاتی ہے۔

(✓موسم گرما، موسم بہار، موسم سرما)

3) دنیا کے بہت سے ممالک نے ــــــــ میں بہت ترقی کی۔

(✓صنعت و حرفت، زراعت، تجارت)

==========

www.Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com




Perfect24u.com